QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 243

کیسکو میں انٹرن شپ کے تحت طلباء وطالبات کیلئے ایک روزہ اورینٹیشن پروگرام کا انعقاد

کوئٹہ: 21 اپریل 2026ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے انٹرن شپ پروگرام کے تحت منتخب ہونیوالے طلباوطالبات کیلئے ریجنل ٹریننگ سینٹر کیسکو میں ایک روزہ اورینٹیشن پروگرام منعقد کیا گیا۔جس کا بنیادی مقصد مختلف شعبوں کے طلباوطالبات کو کمپنی میں کام سکھانے کیلئے عملی تربیت اور پیشہ ورانہ تجربہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ کیسکو سے متعلق معلومات حاصل ہوسکے۔ایک روزہ اورینٹیشن پروگرام میں کیسکو ریجنل ٹریننگ سینٹر کے پرنسپل (سینئر انجینئر) محمد عارف ساسولی، ایڈیشنل ڈائریکٹر (سیفٹی) انجینئر سید آصف شاہ، ایکسئن (جی ایس سی) عبیدالرحمٰن، ایکسئن (آپریشن) سٹی ڈویژن انجینئر آئیون داس کے علاوہ کیسکو کے متعلقہ افسران موجود تھے۔

اس موقع پر ریجنل ٹریننگ سینٹر (آر ٹی سی) کے پرنسپل انجینئر عارف ساسولی نے اورینٹیشن پروگرام میں شریک طلباوطالبات کو کیسکو کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صوبے میں اِس وقت تمام اضلاع (ماسوائے لسبیلہ) کے 6 آپریشن سرکل اور 14 آپریشن ڈویژن میں تقریباً سات لاکھ صارفین کو بجلی کی سہولت فراہم کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کیسکو میں انٹرن شپ پروگرام کا آغاز ایک خوش آئند اقدام ہے جس میں مختلف شعبوں کے طلباء وطالبات کو نہ صرف مستقبل کیلئے عملی تربیت دی جارہی ہے بلکہ ماہانہ وظیفہ بھی فراہم کیا جارہا ہے۔انہوں نے نئے انٹرنیز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا عملی زندگی میں قدم رکھتے ہوئے آپ تمام نوجوانوں پر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہے۔لہٰذا آپ اپنے متعلقہ شعبے میں وقت کی پابندی کو اولین ترجیح دیتے ہوئے صارفین کی خدمت کریں۔انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ اس انٹرن شپ پروگرام سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے پروفیشنل زندگی میں محنت اور لگن سے کام کریں اور ملک وقوم کا نام روشن کریں گے۔بعدازاں انٹرنشپ پروگرام میں منتخب ہونیوالے شریک طلباء وطالبات کو کیسکو کے مختلف شعبوں کے افسران اور انجینئرز نے کمپنی کی مجموعی کارکردگی، بجلی فراہمی کے نظام، ٹرانسمیشن لائن، گرڈ اسٹیشنز کے علاوہ انتظامی معاملات کے طریقہ کار، صارفین اور کارکنوں کیلئے حفاظتی پالیسی اور ڈسٹری بیوشن نظام کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔

###